© rasailojaraid.com

## اظہارِ تعزیت

حضرت مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے بڑے صاحبزادے محترم حافظ حبیب الرحمٰن صاحب ۲۲ اگست کو فیروزہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون حافظ حبیب الرحمٰن صاحب گزشتہ چند برسوں سے مسلسل بیمار چلے آرہے تھے۔ درمیان میں اُن کی صحت بہتر بھی ہوجاتی رہی۔ گزشتہ برس شدید بیمار رہے مگر اللہ تعالیٰ نے صحت یاب فرما دیا۔ ان دنوں صحت معمول کے مطابق تھی۔ نمازِ عصر اور مغرب کے درمیان دل کا دورہ پڑا اور وہ آخرت کو سدھار گئے۔ حافظ صاحب رحمہ اللہ بڑی خوبیوں والے انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور سیئات معاف فرمائے (آمین)

ادارہ، مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری اور محترم حفظ الرحمٰن صاحب سے اُن کے مرحوم بھائی کی اچانک وفات پر اظہار تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اور تمام پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے۔ (آمین)

قارئین دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔

## دعاءِ صحت

مجلس احرارِ اسلام رحیم یار خاں کے نہایت مخلص اور وفادار کارکن جناب مولوی بلال احمد صاحب اور ماسٹر محمد سلیم صاحب علیل ہیں۔ ہر دو حضرات کے مختلف آپریشن ہوئے ہیں۔ احباب ان کی صحت یابی کیلئے خاص طور پر دعاء فرمائیں۔

اراکین ادارہ بھی دعاء گو ہیں اللہ تعالیٰ انہیں صحتِ کاملہ عطاء فرمائیں۔ (آمین)

(ادارہ)

(بقیہ اداریہ)

اول تو موجودہ مشرکانہ اور کافرانہ نظام جمہوریت کے شکنجے سے اپنے آپ کو نکالیں اور خالص انقلابی جدوجہد کا رخ اختیار کریں۔ ورنہ ایک اتحاد بنا کر نواز شریف سے سابقہ کوتاہیوں کی بنیاد پر تحریری طور پر تحفظات حاصل کریں اور اس کا ساتھ دیں۔ یہ بھی جمہوری جنگ ہو گی، اسلام کی نہیں۔ وگرنہ یوں تنہا تنہا لڑنے سے سوائے ذلت و رسوائی کے اور کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔ وہ وقت آگیا ہے کہ اب ملک کی دینی جماعتیں فیصلہ کریں کہ۔۔۔

وہ امریکہ کی غلامی چاہتی ہیں یا اللہ ورسول کی۔

اس راہ میں اگر موت بھی قبول کرنی پڑے تو گریز نہ کیا جائے، علماء کی قربانی و ایثار سے یقیناً پاکستان کا دینی مستقبل تابناک ہو گا اور آخرت کا اجر اپنی جگہ وگرنہ موجودہ بے حسی دینی طبقات کی اجتماعی موت ہے۔

© rasailojaraid.com